# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

Date: 08 June-2024

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۸/جون ۲۰۲۴ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

::::::سرخیاں::::::

سب سے پہلے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ حکومت سازی کیلئے NDA کا دعویٰ صدرِ جمہوریہ کو پیش؛ کل شام نئی حکومت کی حلف برداری۔

☆ شہریوں کی زندگی میں کم سے کم مداخلت اور اچھی حکمرانی کو ترجیح دی جائیگی: عبوری وزیرِ اعظم نریندر مودی کا بیان۔

☆ کوکن گریجویٹ انتخابات سے MNS کی دستبرداری؛ ناسک ٹیچرس حلقے کیلئے 40 امیدواروں کی 53 درخواستیں۔

☆ وزیرِ زراعت کی بیج اور کھاد کی مناسب تقسیم کیلئے ٹاسک فورس تشکیل دینے کی ہدایت۔

اور۔۔ ☆ گیان رادھا کریڈٹ سوسائٹی معاملے میں اور کُٹے میاں بیوی کو 13 تاریخ تک پولس تحویل۔

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے:

بھارتیہ جنتا پارٹی رہنماء نریندر مودی کل تیسری مدت کیلئے وزیرِ اعظم عہدے کا حلف لیں گے۔ حلف برداری کی تقریب کا اہتمام کل شام چھ بجے راشٹر پتی بھون میں کیا جائیگا۔ مودی نے کل صدرِ جمہوریہ دَروپدی مُرمو سے ملاقات کی اور حکومت بنانے کا دعویٰ پیش کیا۔ صدرِ جمہوریہ نے اس مرتبہ انھیں حکومت سازی کی دعوت دی ہے۔

اس سے قبل، نریندر مودی کو کل قومی جمہوری اتحاد (NDA) کا اتفاقِ رائے سے لیڈر منتخب کیا گیا۔ مہاراشٹر کے وزیرِ اعلیٰ ایکناتھ شندے، بہار کے وزیرِ اعلیٰ نتیش کمار، تلگو دیشم پارٹی کے سربراہ چندرا بابو نائیڈو، لوک جن شکتی پارٹی کے قائد چراغ پاسوان، این سی پی قائد اجیت پوار، جن سینا کے سربراہ پون کلیان، اپنا دَل کی اَنو پریا پٹیل، جنتا دَل (سیکولر) کے ایچ ڈی کمارا سوامی نے اجلاس میں مودی کی حمایت کا اظہار کیا۔

اس موقع پر مودی نے کہا کہ NDA صرف سیاسی جماعتوں کا گروہ نہیں بلکہ ایک ایسا گروپ ہے جو "سب سے پہلے قوم" کے اُصول پر متحد ہے۔ انھوں نے کہا کہ گڈ گورننس، ترقی، عوام کے معیارِ زندگی کو بلند کرنا اور اُن کی زندگی میں کم سے کم مداخلت کرنا ان کی حکومت کی ترجیح رہے گی۔

NDA کی میٹنگ کے بعد مودی نے BJP کے سینئر لیڈران، ایل کے اڈوانی، مرلی منوہر جوشی اور سابق صدر رام ناتھ کووند سے ملاقات کی۔

***** ***** *****

لوک سبھا انتخابات میں کانگریس پارٹی نے مہاراشٹر میں 17 حلقوں میں مقابلہ کیا، 14 نشستوں پر کامیابی درج کی۔ ریاست کیلئے پارٹی انچارج رمیش چینّی تھلا نے کہا کہ پارٹی کارکنان کی متحدہ محنت سے یہ جیت حاصل ہوئی ہے۔ وہ کل ممبئی میں کانگریس کے نومنتخب اراکینِ پارلیمان کو مبارکباد دینے کیلئے منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہے تھے۔ انھوں نے کہا کہ عام انتخابات کے بعد اب اسمبلی چناؤ ہمارا ہدف ہے، ہم اس میں بھی ایسے ہی لڑیں گے۔

***** ***** *****

مہاراشٹر نونرمان سینا‘ ریاستی قانون ساز کاؤنسل کے کوکن گریجویٹ حلقے کے چناؤ سے دستبردار ہوگئی ہے۔ MNS نے یہاں ابھیجیت پانسے کو امیدواری دی تھی‘ تاہم کل درخواست داخل کرنے کے آخری دِن انھوں نے فارم نہ بھرنے کا فیصلہ کیا۔ شیوسینا کے سنجے مورے‘ بی جے پی کے نرنجن ڈاؤ کھرے اور راشٹروادی کانگریس شرد پوار گروپ کے اَمت سریّا اس نشست کیلئے میدان میں ہے۔ سریّا اور ڈاؤ کھرے نے کل اپنے نامزدگی کا غذات داخل کیے۔ اسی بیچ ممبئی گریجویٹ حلقے سے بی جے پی امیدوار کرن شیلار نے بھی امیدواری درخواست داخل کی ہے۔

***** ***** *****

بھارتی ریزرو بینک نے اس بار سود کی شرح میں کوئی تبدیلی نہیں کی ہے۔ RBI کے گورنر شکتی کانت داس نے کل ممبئی میں بینک کی دوماہی کریڈٹ پالیسی کی جائزاتی میٹنگ کے بعد ایک اخباری کانفرنس میں یہ اطلاع دی۔ مالی سال 2024-25 کیلئے مجموعی قومی آمدنی GDP کی شرح 7.2 فیصد رہے گی، جبکہ Inflation یعنی افراطِ زر کی شرح 4.5 فیصد رہے گی۔ گورنر داس نے یہ پیش گوئی کی ہے۔

***** ***** *****

18 واں ممبئی بین الاقوامی فلم میلہ آئندہ 15 تا 21 جون کے دوران ممبئی میں منعقد کیا جا رہا ہے۔ یہ خبر اطلاعات ونشریات کی مرکزی وزارت کے سیکریٹری سنجے جاجو نے دی۔ انھوں نے کہا کہ اس فلم فیسٹیول کی فلمیں ممبئی سمیت دلّی‘ چنئی‘ پونے اور کولکتہ میں بھی دکھائی جائے گی۔ اس بین الاقوامی فلمی مقابلے میں 38 ممالک کی 65 زبانوں میں بنائی گئی ایک ہزار 18 فلمیں رجسٹر کی گئی ہیں۔ فلم اینڈ ٹیلی ویژن انسٹیٹیوٹ آف انڈیا کے طلبہ کی جانب سے تیار کی گئی اور 77 ویں کان فلم فیسٹیول میں اعزاز حاصل کرنے والی ڈاکیومینٹری فلم ’’Sunflowers were the first One the Know‘‘ بھی دکھائی جائیگی۔

***** ***** *****

قانون ساز کونسل کے ناسک ٹیچرس حلقے کیلئے کل امیدواری درخواستیں داخل کرنے کے آخری دِن 40 افراد نے فارم داخل کیے۔ اس حلقے کیلئے شیوسینا اُدّھو بالا صاحب ٹھاکرے پارٹی کے ایڈوکیٹ سندیپ گلوے نے‘ جبکہ شیوسینا کے موجودہ رُکن کونسل کشور دراڑے نے بھی امیدواری فارم داخل کیا ہے۔ کل آخری دِن تک 40 امیدواروں نے 53 درخواستیں جمع کرائیں۔

***** ***** *****

ریاست کے وزیرِ زراعت دھننجے منڈے نے اس برس کے خریف موسم کیلئے بیج اور کھاد کی مناسب تقسیم کی خاطر ٹاسک فورس تشکیل کرنے کی ہدایت دی ہے۔ منڈے کل اس خصوص میں منترالیہ میں منعقدہ جائزاتی اجلاس میں بول رہے تھے۔ انھوں نے کہا کہ اس برس خریف موسم میں کاشتکاری کیلئے ایک لاکھ 10 ہزار ہیکٹر رقبے کی اراضی کا اضافہ ہوا ہے اور اس موسم کیلئے بیجوں کی مانگ 18 لاکھ کوئنٹل ہے، جس میں سے 13 لاکھ کوئنٹل تقسیم کیے جاچکے ہیں۔ مزید چھ لاکھ کوئنٹل بیج بھی تقسیم کیلئے تیار ہے۔

***** ***** *****

پولس نے مراٹھا ریزرویشن کیلئے منوج جرانگے پاٹل کو بھوک ہڑتال کی اجازت دینے سے انکار کردیا ہے۔ انتروالی سراٹی کے نائب سرپنچ سمیت 70 افراد نے ضلع کلکٹر کو درخواست دیکر جرانگے پاٹل کو بھوک ہڑتال کی اجازت نہ دینے کا مطالبہ کیا تھا۔ تاہم جرانگے پاٹل آج سے جالنہ ضلع کے انتروالی سراٹی میں بھوک ہڑتال کے اپنے فیصلے پر قائم ہے۔

***** ***** *****

عدالت نے گیان رادھا بین ریاستی کریڈٹ سوسائٹی کے سربراہان سرکش کوٹے' ارچنا کوٹے اور ڈائریکٹر آشیش پاٹودیکر کو بدعنوانی معاملے میں آئندہ 13 جون تک پولس تحویل میں بھیج دیا ہے۔ بیڑ پولس نے کوٹے میاں بیوی کو کل صبح سویرے پونے کے ہنج وڑی میں واقع ان کے گھر سے گرفتار کرلیا' جس کے بعد انھیں ماجل گاؤں کی عدالت میں پیش کیا گیا۔ ڈپازیٹرس کو زیادہ شرحِ سود کی لالچ دیکر لی گئی رقم واپس نہ کرنے کے معاملے میں کوٹے سمیت ادارے کے بورڈ آف ڈائریکٹرس کیخلاف ضلع کے مختلف تھانوں میں 9 مقدمات درج کیے گئے ہیں۔

***** ***** *****

ممبئی- ناگپور سمردّھی شاہراہ پر چھترپتی سمبھاجی نگر ضلع کے ویجاپور علاقے میں پیش آئے حادثے کے سبب ایک ہی خاندان کے تین افراد ہلاک اور دیگر چار زخمی ہوگئے۔ یہ حادثہ اس وقت پیش آیا جب ایک چار پہیہ گاڑی پیچھے سے کار گو ٹرک سے جاٹکرائی۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ حادثہ ڈرائیور کے کنٹرول کھونے کے سبب پیش آیا۔

اسی طرح لاتور ضلع کے عمر گہ تعلقے میں کل ایک ٹیمپو اور فور وہیلر کے تصادم میں دو افراد ہلاک اور ایک زخمی ہوگیا۔ یہ حادثہ عمر گہ-لاتور روڈ پر بابل سور پاٹی کے قریب پیش آیا۔

***** ***** *****

کمیونسٹ پارٹی آف انڈیا نے کل چھترپتی سمبھاجی نگر میں بجلی کمپنی مہاوِترن کی جانب سے پری پیڈ بجلی میٹروں کی تنصیب کے خلاف احتجاج کی کال دی ہے۔ سوشل میڈیا پر بجلی میٹروں کیخلاف عوامی حمایت کو متحرک کرنے کا کام شروع کر دیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ سماجی کارکن راجندر داتے پاٹل نے وزیرِ اعلیٰ ایکناتھ شندے کو پری پیڈ میٹرس کے خلاف ایک تفصیلی خط لکھا ہے۔

***** ***** *****

ریاست کے 115 پولس افسران و ملازمین کو رسمی طور پر یومِ آزادی 2021 اور یومِ جمہوریہ 2022 کے موقع پر گورنر رمیش بئیس کے ذریعے اعلان کردہ پولس میڈلز سے حال ہی میں نوازا گیا۔ ان میں بیڑ کے سب انسپکٹر سوریہ کانت تکارام گڑ بھڑے کو صدرِ جمہوریہ میڈل دیکر عزت افزائی کی گئی۔

***** ***** *****

ہنگولی ضلع کے نرسی نامدیو کے کسانوں نے کل نرسی میں پاور سب اسٹیشن کے روبرو اپنے جانوروں کے ساتھ دھرنا دیا۔ اس علاقے کے ہنوت کھیڑا' کڑتی' چانگے پھڑ قصبوں میں دو مہینے قبل آئے طوفان کے سبب کھیتوں میں بجلی کے کھمبے گر گئے اور بجلی کی تاریں ٹوٹ پڑی ہیں۔ اس سے کسانوں کو کھیت میں کام کرنے میں رُکاوٹ ہورہی ہے۔ اس لیے یہ احتجاج کیا گیا۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر کے قریب واقع فارولہ میں واقع بجلی کمپنی مہاوِترن کے ذیلی مرکز کے برقی آلات کی خرابی کے سبب شہر کی آبرسانی میں خلل پڑا ہے۔ شہر کی میونسپل کارپوریشن کی جانب سے اپیل کی گئی ہے کہ شہری اس تکلیف کیلئے انتظامیہ سے تعاون کریں۔

***** ***** *****

لاتور ضلعے میں سیلاب میں بہہ جانے کے باعث ایک خاتون کی موت ہوگئی۔ یہ خاتون گذشتہ جمعرات کو دیونی تعلقے کے کمل واڑی میں آئے سیلاب میں بہہ گئی تھی۔ کل اس خاتون کی لاش مل گئی۔

***** ***** *****

## ::::::سرخیاں::::::

آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:

☆ حکومت سازی کیلئے NDA کا دعویٰ صدرِ جمہوریہ کو پیش؛ کل شام نئی حکومت کی حلف برداری۔

☆ شہریوں کی زندگی میں کم سے کم مداخلت اور اچھی حکمرانی کو ترجیح دی جائیگی: عبوری وزیرِ اعظم نریندر مودی کا بیان۔

☆ کوکن گریجویٹ انتخابات سے MNS کی دستبرداری؛ ناسک ٹیچرس حلقے کیلئے 40 امیدواروں کی 53 درخواستیں۔

☆ وزیرِ زراعت کی بیج اور کھاد کی مناسب تقسیم کیلئے ٹاسک فورس تشکیل دینے کی ہدایت۔

اور۔۔ ☆ گیان رادھا کریڈٹ سوسائٹی معاملے میں اور کُٹے میاں بیوی کو 13 تاریخ تک پولس تحویل۔

***** ***** *****

اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****